ترجمہ وتفسیر منتخب سورتیں

فتح القدیر

الجامع بين فني الرواية والدراية من علم التفسير

النور۔ الأحزاب۔ محمد۔ الفتح۔ الحجرات

تالیف:

زبدة المفسرين وعمدة المحدثين

إمام محمد بن علي بن محمد الشوكاني

ترجمہ

حافظ محمد اسلم شاہدروی

(ایم اے۔ ایم فل)

تقریظ

پروفیسر محمد یسین ظفر چوہدری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

مکتبہ اسلامیہ ®

maktabaquddusia.com

CamScanner

ترجمہ و تفسیر منتخب سورتیں

فتح القدیر

الجامع بین فنی الروایۃ والدرایۃ من علم التفسیر

النور ۔ الاحزاب ۔ محمد ۔ الفتح ۔ الحجرات

تالیف:
زبدۃ المفسرین وعمدۃ المحدثین
امام محمد بن علی بن محمد الشوکانی

ترجمہ
حافظ محمد اسلم شاہدروی
(ایم اے۔ ایم فل)

تقریظ
پروفیسر محمد یٰسین ظفر چوہدری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

مکتبہ اسلامیہ MAKTABA ISLAMIA

مکتبہ اسلامیہ ®

maktabaquddusia.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

پروفیسر محمد یاسین ظفر چودھری حفظہ اللہ
پرنسپل جامعہ سلفیہ، فیصل آباد
وناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

نحمده ونصلی علی رسوله الكريم!

اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتب اور صحائف میں صرف قرآن حکیم کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس میں کس قسم کی تحریف، تغیر اور تبدیلی نہیں ہوئی۔ چودہ صدیاں گزر جانے کے باوجود آج بھی قرآن حکیم اسی حالت میں ہمارے پاس موجود ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے سیدنا جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے خاتم النبیین ﷺ پر نازل فرمایا تھا۔ قرآن حکیم کا یہ اعجاز قیامت تک برقرار رہے گا۔ کیونکہ اس کی حفاظت خود اللہ رب العزت نے اپنے ذمہ لی ہے۔ ﴿اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝﴾ (الحجر : ٢) یہ کتاب انسانوں کے لیے رشد و ہدایت کا ذریعہ ہے۔ بشرطیکہ انسان کا دل ایمان یقین اور تقویٰ سے لبریز ہو۔

﴿الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝﴾ (البقرۃ : ٢)

یہ کتاب تمام علوم کا خزینہ ہے۔ کائنات کے وجود میں آنے سے لے کر اس کے فنا ہونے تک کی خبر موجود ہے۔ شمس و قمر اور اَن گنت ستاروں کی گردش سے مطلع کر رہی ہے۔ انسان کو ترغیب دی ہے کہ وہ انہیں تسخیر کر کے چھپے ہوئے رازوں کو بے نقاب کرے۔ ایک مسلمان کی ذاتی اور اجتماعی زندگی، معاشرتی معاملات میں واضح احکامات موجود ہیں۔ عبادت اور اخلاقیات کی مکمل تعلیم دی گئی ہے اور سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کبریائی اور اس کی

حضرت امام الشوکانی ۱۱۷۳ ہجری کو یمن کے شہر الشوکان میں پیدا ہوئے۔ ۲۰ سال کی عمر میں فتویٰ دینے لگے۔ آپ کی کل تصنیفات کی تعداد ۱۸۹ ہے۔ ان میں سے ۳۸ طبع ہو چکی ہے۔ آپ ۱۲۰۹ ہجری کو یمن کے قاضی القضاہ مقرر ہوئے اور وفات تک اس منصب جلیلہ پر فائز رہے۔

آپ کی تالیفات میں تفسیر فتح القدیر کو ممتاز مقام حاصل ہے۔ آپ نے بڑی عرق ریزی محنت اور لگن سے یہ کام کیا اور ایک منفرد اسلوب متعارف کرایا۔ آپ نے تفسیر میں درج ذیل اسلوب اختیار کیا۔ (۱) سورۃ کی فضیلت و اہمیت (۲) قرأت میں پائے جانے والے اختلاف کو اجاگر کیا (۳) عربی لغت میں بحث کی (۴) قرآن کے اعراب پر دلائل کی روشنی میں بات کی۔ (۵) آیات کے اسباب نزول کا ذکر کیا۔ (۶) احکامات بیان کیے۔ (۷) آخر میں ان آیات سے مستنبط مسائل بیان کیے۔

آپ نے تفسیر میں محدثین کے منہج اور بیان کردہ تفاسیر پر انحصار کیا۔ ماہرین لغات کی آراء کو مدنظر رکھا۔ آپ تفسیر ابن کثیر کو عظیم الشان تفسیر قرار دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ قرطبی اور الدر المنثور سے بھی استفادہ کرتے ہیں۔ امام الشوکانی نے حدیث کے باب میں صحیح اور ضعیف احادیث پر خوب بحث کی اور صحیح احادیث پر انحصار کیا۔ جبکہ اسرائیلی روایات کو ناقابل قبول قرار دیا۔ بعض مقامات پر جہاں مشرکین اپنے آباء اجداد کی تقلید پر اصرار کرتے ہیں۔ وہاں مقلدین پر شدید تنقید کرتے نظر آتے ہیں اور قرآن و حدیث کی افادیت کا ذکر کرتے ہیں۔

آپ کی مایہ ناز تفسیر فتح القدیر کے آخری دو پارے ۲۹، ۳۰ کو وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان نے ''الشہادۃ العالمیہ'' ایم۔ اے کے آخری دو سالوں کے نصاب میں شامل کیا ہے۔ مدارس و جامعات میں یہ نصاب بالاستیعاب پڑھایا جا رہا ہے۔ طلبہ کی ضرورت اور سہولت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمارے فاضل دوست جناب مولانا حافظ محمد اسلم شاہدروی صاحب نے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ جسے مکتبہ اسلامیہ لاہور نے بڑے اہتمام سے شائع کیا۔ یہ ہر عام و خاص میں مقبول ہوئی ہے۔

maktabaquddusia.com

CamScanner

گزارشِ مترجم

الحمد للہ کہ تفسیر فتح القدیر کی منتخب سورتوں (نور، احزاب، محمد، فتح اور حجرات) کا ترجمہ مکمل کرنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ اس سے پہلے مکتبہ اسلامیہ ہی کی طرف سے پارہ ۲۹ اور پارہ ۳۰ کا مکمل ترجمہ جو ناچیز نے کیا، الگ الگ شائع ہو چکا ہے۔

اس ترجمہ کے حوالے سے اور ان منتخب سورتوں کے حوالے سے چند گزارشات قابل ذکر ہیں:

- اس کا آغاز ۱۴ اگست ۲۰۱۹ء کو ہوا، جو کہ پاکستان کا یومِ آزادی ہے اور اس روز عید الاضحیٰ کا تیسرا دن بھی تھا، اس حصے کے ترجمے کا اختتام ۲۲ نومبر ۲۰۱۹ء کو ہوا۔
- مرکز البیت العتیق لاہور کے مدرسۃ البنات میں اس سال صحیح بخاری شریف ۲۰۰۷ء کے بعد ایک دفعہ پھر پڑھانے کا اعزاز حاصل ہوا، اس کلاس میں تفسیر فتح القدیر کے اس حصے کی تدریس بھی میرے ذمے لگی، تو اس کے ترجمہ میں بہت آسانی رہی۔
- سورۃ النور میں نور کی مبحث عمدہ ہے اور اس متعلق نامناسب اقوال پر عمدہ گرفت ہے۔
- اسی سورت میں قاضی کی بات ماننا اور عدالت کی اہمیت پر پُرمغز گفتگو ہے اور ساتھ ہی تقلید کا ردّ بھی بہت پختہ انداز میں کیا گیا ہے۔
- سورۃ الاحزاب میں جاہلیت اولیٰ کی وضاحت، تخییر میں عورت کا خود کو اختیار کر لینا، اہل بیت میں بیوی شامل ہے، نبی کریم ﷺ پر درود شریف کی فضیلت اور احکام اور سادتنا و کبرائنا میں تقلید کا عمدہ ردّ اور عرضنا الأمانة میں امانت کی خوبصورت وضاحت، ان سب پر مفصل بات کی گئی ہے۔
- سورۃ الحجرات میں فَإِنْ بَغَتْ کے تحت باغی گروہ کا فتنہ ختم کرنے کے لیے اس سے